THE COLLEGE BOARD

# SAT Test Directions Translated into URDU for Students

## Spring 2019 School Day Testing Only

## Notes to the Proctor:

Your school may be offering both the SAT (no Essay) and SAT with Essay. The College Board now allows schools to combine students with both test options in a single standard room. This translated script includes a section of translated test directions for EL students testing in a combined room.

**Printing this document for your students:** These translated directions are grouped into several parts for students: Part 1 (Notes to Student), Part 2 (Standard SAT Script Through Math Test – No Calculator), Part 3 (Standard SAT Script: Math Test – Calculator and SAT Essay), and Part 4 (Combined Room SAT Standard Script: Math Test – Calculator and SAT Essay).

- If testing in a standard room that is UNCOMBINED, or in an accommodated room, print Parts 1–3. Omit Part 4.
- If testing in a standard room that is COMBINED, print Parts 1–2, and 4. Omit Part 3.

**Using this document on test day:**

Distribute this document once students are seated.

Students may use this document to read translations of the directions that are read aloud or printed in their test book.

Students may keep this document open and on their desk during the entire testing period.

Students may **not** be given additional time, unless approved by College Board as a separate accommodation.

Collect this document from each student at the end of testing and securely destroy it.

© 2018 The College Board. College Board and SAT are registered trademarks of the College Board. Unauthorized copying or reuse of any part of this document is illegal.

## فہرستِ مضامین


Notes to the Proctor: ........ 1
1 طالب علم کے لیے ہدایات ........ 3
2 معیاری SAT سکرپٹ بذریعہ ریاضی کا امتحان - کیلکیولیٹر کے استعمال کے بغیر ........ 4
2.1 امتحان کا آغاز ہونے سے پہلے ........ 4
2.2 جوابی پرچے کی تقسیم ........ 5
2.3 امتحانی کتاب کی تقسیم ........ 7
2.4 سرورق کی ہدایات ........ 9
2.5 عقبی ورق کی ہدایات ........ 10
2.6 سیکشن 1 — مطالعے کا امتحان ........ 11
2.6.1 وقفے لے لیے ........ 11
2.6.2 سیکشن 1 امتحانی کتاب کی ہدایات ........ 11
2.7 تصدیقی اعلامیہ ........ 12
2.8 سیکشن 2 — تحریری اور زبان دانی کا امتحان ........ 12
2.8.1 سیکشن 2 امتحانی کتاب کی ہدایات ........ 13
2.9 سیکشن 3 — ریاضی کا امتحان ـ کیلکولیٹر کی اجازت نہیں ........ 13
2.9.1 وقفے کے دوران ........ 14
2.9.2 سیکشن 3 امتحانی کتاب کی ہدایات ........ 15
3 معیاری SAT مسودہ: ریاضی کا امتحان - کیلکیولیٹر اور SAT مضمون ........ 17
3.1 سیکشن 4 — ریاضی کا امتحان – کیلکولیٹر ........ 17
3.1.1 وقفے کے دوران ........ 18
3.1.2 سیکشن 4 امتحانی کتاب کی ہدایات ........ 19
3.2 SAT مضمون ........ 21
3.2.1 مضمون کی کتاب کے متعلق ہدایات ........ 22
3.3 جب امتحان کا عمل ختم ہو جاتا ہے ........ 22
3.4 جوابی پرچوں کو مکمل کرنا ........ 23
3.5 جوابی پرچے جمع کرنا ........ 24
4 مشترک کمرہ SAT معیاری مسودہ: ریاضی کا امتحان - کیلکیولیٹر اور SAT مضمون ........ 25
4.1 سیکشن 4 — ریاضی کا امتحان – کیلکولیٹر ........ 25
4.1.1 سیکشن 4 امتحانی کتاب کی ہدایات ........ 27
4.2 مکمل اسکو بھیجتے ہیں ........ 29
4.3 جوابی پرچے جمع کرنا ........ 29
4.4 SAT مضمون ........ 30
4.4.1 مضمون کی کتاب کے متعلق ہدایات ........ 31
4.5 طلبہ کو برخاست کرنے سے قبل ........ 31

## 1 طالب علم کے لیے ہدایات

- ذیل میں اُن ہدایات کا ترجمہ دیا گیا ہے جنہیں پراکٹر باآوازِ بلند پڑھے گا اور اس کے ساتھ ساتھ آپ کی ٹیسٹ بک میں بھی تحریری ہدایات موجود ہیں۔ جیسے آپ کا پراکٹر بلند آواز میں انگریزی ہدایات کو پڑھتا ہے اس کی پیروی کریں۔ یہ ضروری نہیں کہ یہ ہدایات، پراکٹر کی جانب سے پڑھی گئی ہدایات سے لفظ بہ لفظ مماثل ہوں؛ تاہم بنیادی معلومات مماثل ہیں۔ پراکٹر کی جانب سے جو کچھ پڑھا جا رہا ہو، اگر آپ کے ذہن میں اس کے حوالے سے کوئی سوال ہو تو براہِ کرم اپنا ہاتھ بلند کریں۔
- آپ کا پراکٹر کچھ ہدایات کو نظر انداز کر سکتا ہے جو آپ کی امتحانی صورتحال پر لاگو نہیں ہوتیں۔
- آپ امتحان کے مکمل دورانیے میں اس دستاویز کو اپنی میز پر رکھ سکتے ہیں، تاہم امتحانی عمل کے بعد اسے اپنے پراکٹر کو لازماً واپس کر دیں۔
- آپ اس دستاویز کو رف کام لکھنے کے لیے استعمال نہیں کر سکتے ہیں۔
- مختلف دورانیوں میں، آپ کا پراکٹر سیکشن میں باقی ماندہ وقت، اور اس کے ساتھ ساتھ ضرورت کے مطابق وقفوں کا اعلان کرے گا۔ اگر آپ منظورشدہ سہولت کے تحت، امتحانی عمل سے گزر رہے ہیں تو یہ اعلانات، مترجَم دستاویز میں درج دورانیے اور وقفوں سے مختلف ہو سکتے ہیں۔ براہِ کرم اپنے پراکٹر کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔
- اگر آپ منظورشدہ سہولیات کے تحت، امتحانی عمل سے گزر رہے ہیں تو آپ کا پراکٹر آپ کو انگریزی میں اضافی ہدایات دے سکتا ہے۔
- آپ کی توجہ مخصوص معلومات کی جانب مبذول کرانے کے لیے، اس پوری دستاویز میں تصویری علامات (آئی کونز) استعمال کی گئی ہیں:

 اہم معلومات

 آپ کے پراکٹر کی جانب سے دی جانے والی زبانی ہدایات

 آپ کی امتحانی کتاب میں درج ہدایات

## 2 معیاری SAT سکرپٹ بذریعہ ریاضی کا امتحان - کیلکیولیٹر کے استعمال کے بغیر

### 2.1 امتحان کا آغاز ہونے سے پہلے

*آپ کا پراکٹر، آغاز کرنے کے لیے کہے گا:*

صبح بخیر۔ آج آپ SAT کا امتحان دینے جا رہے ہیں۔ آج آپ کے لیے یہ ثابت کرنے کا موقع ہے کہ آپ کالج اور اپنے کیریئر کے لیے کس حد تک تیار ہیں۔

اگر میری جانب سے دی جانے والی ہدایات پر آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہو تو براہِ کرم دریافت کر لیں، تاکہ آپ ہر کام کو پورے یقین کے ساتھ بہترین انداز میں انجام دے سکیں۔ اگر آپ ترجمہ کردہ مطبوعہ ہدایات استعمال کر رہے ہیں، تو میری جانب سے دی جانے والی ہدایات کی پیروی کرنے کے لئے ابھی کتابچہ کھول لیں۔

*اس کے بعد آپ کا پراکٹر کہے گا:*

کالج کے بورڈ نے آپ میں سے ہر ایک کو اپنی مہارتوں اور معلومات کے اظہار کا یکساں موقع دینے کے لیے پالیسیاں ترتیب دی ہیں۔ ہم ہر اس فرد کا اسکور مسترد اور منسوخ کر دیں گے جو مندرجہ ذیل طریقے سے غیر منصفانہ فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کرے گا:

- امتحان کے دوران کسی بھی قسم کی مدد فراہم کرنا یا حاصل کرنا
- امتحان کے آغاز سے قبل، امتحانی کتاب دیکھنا
- امتحانی کتاب یا جوابی پرچے کے غلط سیکشن پر کام کرنا یا گزشتہ یا اگلے سیکشن کو دیکھنا
- ایک غیر کیلکولیٹر سیکشن کے دوران کیلکولیٹر استعمال کرنا (ماسوائے کسی سہولت کے تحت منظور کی گیا ہو)
- مقررہ وقت ختم ہونے کے بعد جوابی نشانات لگانا
- امتحان کے دوران یا بعد میں، کسی اور کو سوالات یا جوابات بتانا
- امتحان دیتے ہوئے یا وقفوں کے دوران، امتحانی عمل میں مدد دینے والی اشیاء بشمول فونز کا استعمال کرنا
- کسی اور کی جگہ خود امتحان دینے کی کوشش کرنا

ان سرگرمیوں میں سے کسی میں شامل ہونے پر مستقبل میں آپ کی کالج بورڈ امتحانات میں اہلیت متاثر ہو سکتی ہے۔

آپ کو ان امور کے باعث بھی امتحان سے خارج کردیا جائے گا:

- امتحان دیتے ہوئے کھانا یا پینا (سوائے اس کے کہ بطورِ منظورشدہ سہولت اس کی اجازت حاصل کی گئی ہو، کھانے اور پینے کی صرف وقفوں کے دوران اجازت ہے)
- کسی بھی قسم کی خلل اندازی کا باعث بننا یا دیگر طلباء کی توجہ منتشر کرنا
- وقفوں کے دوران اپنے لاکر کی جانب جانا یا عمارت سے باہر چلے جانا

آپ کے پاس رات 11 بج کر 59 منٹ تک کا وقت ہے۔ جو کہ امتحان کے دن کے بارے میں کوئی بھی شکایت درج کرانے کے لیے، امتحان ختم ہونے کے بعد سے ہفتے کے چوتھے عمومی دن کا مشرقی وقت (ایسٹرن ٹائم) ہے۔ اگر آپ کو کسی بھی برتاؤ یا رویے کے حوالے سے کوئی شکایت ہو، تو براہِ کرم اپنے کوآرڈی نیٹر کو مطلع کریں جو آپ کو کالج بورڈ سے رابطہ کرنے کا طریقہ سمجھائے گا۔ کیا آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہے؟

*اگر آپ کے اسکول نے طلباء کی ذاتی اشیاء جمع کر لی ہیں، تو آپ کا پراکٹر کہے گا:*

اب تک یقیناً آپ نے اپنے تمام فونز یا کوئی بھی دیگر برقی آلات حوالے کر دیے ہوں گے۔ اگر ابھی بھی کسی کے پاس کسی قسم کا برقی آلہ موجودہے تو براہِ کرم الارمز ختم کر کے فون بند کریں اور اسے میرے حوالے کر دیں۔ امتحان کے اختتام پر یہ آپ کو واپس کر دیا جائے گا۔

*اگر آپ کے اسکول نے طلباء کی ذاتی اشیاء جمع نہیں کی ہیں، تو آپ کا پراکٹر کہے گا:*

اگر اس وقت آپ کے پاس فون یا کوئی اور برقی آلہ موجود ہے، تو الارمز لازماً ختم کر کے فون کو مکمل طور پر بند کر دیں اور امتحان ختم ہونے تک اسے اپنے بیگ یا بیگ پیک میں ڈال کر کمرے میں ایک طرف رکھ دیں۔ اگر آپ کو اپنا فون محفوظ کرنے کے لیے پلاسٹک بیگ درکار ہے، تو اپنا ہاتھ کھڑا کریں اور میں آپ کو ایک دوں گا۔

کوئی بھی ایسا برقی آلہ جسے بند کیے بغیر رکھا گیا ہو، اسے تحویل میں لے لیا جائے گا اور جامع تفتیشی عمل کے تحت اس میں موجود مواد کا معائنہ کیا جائے گا۔ اگر آپ کا فون شور کرتا ہے جس دوران یہ آپ کے پاس موجود ہو، تو آپ کو امتحان سے برخاست کر دیا جائے گا۔

*اس کے بعد آپ کا پراکٹر کہے گا:*

اگر مجھے اس جگہ سے کوئی طالب علم فون کے ہمراہ نظر آئے، تو میں اس طالب علم کو برخاست کر دوں گا۔

*اس کے بعد آپ کا پراکٹر کہے گا:*

اب ہم امتحان کا باقاعدہ آغاز کرنے جا رہے ہیں۔

- اپنی پنسلوں اور منظورشدہ کیلکیولیٹرکے علاوہ اپنی ڈیسک سے تمام اشیاء ہٹا دیں۔
- اگر آپ اضافی کیلکیولیٹر یا بیٹریز بھی ساتھ لائے ہیں تو براہِ کرم انہیں اپنی میز کے نیچے فرش پر رکھ دیں۔
- اگر آپ کے پاس پانی کی بوتلیں اور اسنیکس موجود ہوں، تو براہِ کرم انہیں اپنی میز کے نیچے رکھ دیں۔ اگر آپ کے پاس اپنے ڈیسک پر کوئی بیگ یا بیگ پیکس باقی ہیں، انہیں بند کریں اور انہیں اپنے ڈیسک کے نیچے رکھیں جب تک کہ امتحان ختم ہو جائے۔

*جب تمام تیار ہو جائیں، تو آپ کا پراکٹر کہے گا:*

میں اب مختصر سا وقت لوں گا تاکہ معائنہ کر کے یقینی بنایا جا سکے کہ آپ لوگ منظورشدہ کیلکیولیٹرز ہی استعمال کر رہے ہیں۔

*اس کے بعد آپ کا پراکٹر کہے گا:*

آپ کسی بھی وقت، کیلکیولیٹرز کی فراہمی یا ان کا تبادلہ نہیں کر سکتے۔ اب اپنے کیلکیولیٹر کو اپنی میز کے نیچے رکھ دیں۔ آپ کے بعد کے ایک سیکشن سے قبل اس کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

## 2.2 جوابی پرچے کی تقسیم

*جوابی پرچے تقسیم کرنے کے بعد، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

یہ وہ جوابی پرچے ہیں جنہیں آپ امتحان کے دوران اپنے جوابات کے نشان لگانے کے لیے استعمال کریں گے۔ اگر آپ بڑے خانوں والا جوابی پرچہ استعمال کر رہے ہیں تو ابھی اپنے جوابی پرچے کے صفحہ اول پر موجود ہدایات پڑھیں۔ آپ کے صفحہ کے نمبر اس سے مختلف ہوں گے جو میں اعلان کر رہا ہوں، لیکن فیلڈ کے نمبر اس جیسے ہوں گے جیسا کہ میں ہر کسی کو فیلڈ نمبر دے رہا ہوں۔ آپ بلبلوں کو بھرنے کے بجائے مربع کو X کے ساتھ نشان زد کریں گے۔

*اس کے بعد آپ کا پراکٹر کہے گا:*

براہِ کرم جائزہ لے کر یقینی بنائیں کہ جوابی پرچے پر آپ کا درست قانونی نام اور تاریخ پیدائش درج ہو۔ اگر آپ کے جوابی پرچے پر کوئی لیبل ہے تو یقینی بنائیں کہ وہ درست ہے۔ اپنا ہاتھ کھڑا کریں اگر آپ کے پاس غلط جوابی پرچہ ہے یا اگر آپ کو لیبل پر کوئی غلطیاں نظر آتی ہیں۔

***اگر ہر ایک نے مطلوبہ خانے پُر کر لیے ہوں گے تو آپ کا پراکٹر براہِ راست صفحہ 7 پر امتحانی کتابچے کی تقسیم پر آ جائے گا۔***

*اگر آپ یا دیگر طلباء کو جوابی پرچے پر مطلوبہ خانے پُر کرنے ہوں، تو آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اگر آپ کے جوابی پرچے پر آپ کا صحیح نام موجود ہے اور دیگر معلومات پُر ہیں، تو براہ مہربانی کچھ وقت کے لیے خاموشی سے بیٹھیں جب تک میں دیگر طالب علموں کو ان کے جوابی پرچے پر درکار معلومات پُر کرنے کے لیے ہدایات دیتا ہوں۔

*اگر آپ کا اسکول پری-ID لیبلز کا استعمال کرتا ہے تو آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اگر آپ کے جوابی پرچے پر ایک لیبل ہے، براہ مہربانی اس کی ابھی پڑتال کریں یقین دہانی کرنے کے لیے کہ اس پر آپ کی درست معلومات موجود ہیں۔ اگر آپ کو کوئی نقص ملیں تو ہاتھ بلند کریں۔

*خانہ 1 کے لیے، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اگر خانہ 1 خالی ہے، اپنے قانونی نام کا آخری حصہ، پہلا حصہ اور درمیانی مخفف اگر کوئی ہو تو اس میں درج کریں۔ اگر آپ کے نام میں حروف کے درمیان وقفے، نشاناتِ الحاق (ہائی فنز)، یا علاماتِ تملیک (اپوسٹروفیز) آتی ہوں تو انہیں بھی شامل کریں۔ خانوں میں تمام حروف کو بڑے حروفِ تہجی میں لکھیں اور پھر متعلقہ دائرے کو پر کریں۔ یقینی بنائیں کہ ہر نشان گہرا ہو اور مکمل دائرے میں بھرا گیا ہو۔ اپنا کام مکمل کرنے کے بعد اوپر دیکھیں۔

*خانہ 2 کے لیے، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اگر خانہ 2 خالی ہے اور آپ اس اسکول میں گئے ہیں، تو دائرے میں پُر کریں "ہاں"۔ کوئی بھی جو باقاعدہ طور پر اس اسکول میں نہی نگیا اسے اس دائرے کو پُر کرنا چاہیے جو ان پر لاگو ہوتا ہو۔ اگر آپ کو صحیح طرح معلوم نہیں تو اپنا ہاتھ کھڑا کریں۔

*خانہ 3 اور 4 کے لیے، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اگر خانہ 3 اور 4 خالی ہیں اور آپ اس اسکول میں گئے ہیں، ہمارے اسکول کا نام، شہر، اور ریاست کو خانہ 3 میں پرنٹ کریں؛ پھر ہمارا 6-عددی اسکول کوڈ ________ خانہ 4 میں متعلقہ دائرے میں پُر کریں۔ اپنا کام مکمل کرنے کے بعد اوپر دیکھیں۔

  اگر آپ اس اسکول میں نہیں گئے یا گھر پر زیر تعلیم رہے ہیں، تو اپنا ہاتھ کھڑا کریں۔ میں آپ کے پاس آؤں گا اور آپ کو خانہ 4 میں درج کرنے کے لیے صحیح کوڈ دوں گا۔

***اگر آپ گھر پر ہی زیر تعلیم ہیں، تو آپ کو پراکٹر کی جانب سے "جی نہیں، میں گھر پر زیر تعلیم ہوں" کے ساتھ دائرہ پُر کرنے اور خانہ 4 میں "970000" درج کرنے کے لیے کہا جائے گا۔ اگر آپ کسی مختلف اسکول میں پڑھتے ہیں، تو آپ کو پراکٹر کی جانب سے "نہیں، یہ وہ اسکول نہیں جہاں میں مستقل جاتا ہوں" کے ساتھ دائرہ پر کرنے کا کہا جائے گا، پھر خانہ 3 میں اپنی اسکول کی معلومات مکمل کریں۔ وہ آپ کو خانہ 4 میں درج کرنے کے لیے اسکول کوڈ بھی فراہم کریں گے۔***

*خانہ 5 کے لیے، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اگر خانہ 5 خالی ہے، اپنا اسٹوڈنٹ ID نمبر پر کریں، بائیں جانب پہلے کالم سے شروع کر کے۔ اگر آپ کے آئی ڈی نمبر میں حروف بھی موجود ہوں تو انہیں شامل نہ کریں اور صرف ہندسے درج کریں جن کے درمیان خالی جگہیں نہ ہوں۔ اگر آپ کو اپنا طالب علم کا آئی ڈی نمبر معلوم نہ ہو، تو خانہ 5 خالی چھوڑ دیں۔ اپنا کام مکمل کرنے کے بعد اوپر دیکھیں۔

*خانہ 6 کے لیے، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اگر خانہ 6 خالی ہو، دائرے کو اپنے حالیہ گریڈ سے پر کریں۔

*خانہ 7 کے لیے، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اگر خانہ 7 خالی ہو، اپنی تاریخ پیدائش کے 3 حصے پر کریں۔ 2 ہندسی عدد کے اندراجی خانوں کی صورت میں، اگر عدد 10 سے چھوٹا ہو تو پہلے خانے میں صفر لکھیں۔ اپنی پیدائش کے سال کے صرف آخری 2 ہندسے درج کریں۔ اگر آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہو تو ہاتھ بلند کریں۔

*خانہ 8 کے لیے، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اگر خانہ 8 خالی ہے، تو صحیح دائرے پر نشان لگائیں۔

*امتحانی کتابیں تقسیم کرنے سے قبل، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اگر جوابی پرچے میں غیر امتحانی حصے میں آپ کے پُر کرنے کے لیے دیگر خانے موجود ہیں، آپ کو امتحان ختم ہونے کے بعد انہیں مکمل کرنے کا موقع ملے گا۔

## 2.3 امتحانی کتاب کی تقسیم

*جب تمام تیار ہو جائیں، تو آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اب میں آپ کی امتحانی کتب تقسیم کروں گا/گی۔ انہیں اُس وقت تک نہ کھولیں جب تک میں آپ سے نہ کہوں۔

***سرورق کے ترجمے کے لیے اس سیکشن کے اختتام پر موجود سرورق کی ہدایات ملاحظہ کریں ۔***

*اس کے بعد آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- جب آپ کو امتحانی کتاب مل جائے تو اسے الٹائیں اور اپنے نام کا آخری حصہ، پہلا حصہ اور درمیانی مخفف، اگر ہو تو، درج کریں۔

اس کے بعد اس اسکول کا کوڈ، ______، اسکول کا نام ______________________________، اور اس کمرے کا نمبر (یا نام)______________ درج کریں۔

***عقبی ورق کے ترجمے کے لیے اس سیکشن کے اختتام پر عقبی ورق کی ہدایات ملاحظہ کریں ۔***

*اس کے بعد آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اب عقبی صفحہ پڑھیں۔ اس پر جوابات کے نشان لگانے اور اسکورنگ کے حوالے سے اہم معلومات درج ہیں۔ جب آپ مکمل طور پر پڑھ لیں، تو براہِ کرم اوپر دیکھیں۔

  ابھی آپ نے جو کچھ پڑھا، کیا اس حوالے سے آپ کا کوئی سوال ہے؟

*جب تمام سوالات کے جواب دے دیے جائیں، تو آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- آپ کے امتحان کی اسکورنگ میں درج ذیل ہدایات کلیدی اہمیت رکھتی ہیں۔ اگر آپ میری ہدایات پر مکمل طور پر عمل نہیں کریں گے، تو آپ کو اسکور نہیں ملے گا۔ دھیان سے سنیں۔

یقینی بنائیں کہ آپ نمبر 2 پنسل ہی استعمال کر رہے ہیں اور جوابی پرچے پر دائروں کو گہرا اور مکمل طور پر کر رہے ہیں۔ اگر آپ اپنے جواب کو تبدیل کرنا چاہیں تو اسے جتنا ممکن ہو سکے اچھی طرح مٹائیں۔ اپنے جوابی پرچے پر بے مقصد نشانات لگانے اور اسے رف کام لکھنے کے لیے استعمال کرنے سے گریز کریں۔ آپ مکینیکل پینسل استعمال نہیں کر سکتے۔

*خانہ A، فارم کوڈ، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اپنی امتحانی کتاب کے عقبی ورق پر، فارم کوڈ کے عنوان کا حامل خانہ تلاش کریں۔ حروف اور اعداد کو اپنے جوابی پرچے کی پشت پر خانہ A میں بالکل اسی طرح نقل کریں جیسا کہ آپ کی امتحانی کتاب کی عقبی جانب دکھایا گیا ہے، اور دائروں کو پُر کریں۔ اگر آپ بڑے خانوں پر مشتمل جوابی پرچہ استعمال کر رہے ہیں تو یہ صفحہ 16 پر ہو گا۔

*خانہ B، امتحانی آئی ڈی، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اب امتحانی آئی ڈی کے عنوان کا حامل خانہ تلاش کریں۔ اپنے جوابی پرچے پر خانہ B میں نمبر نقل کریں۔

*خانہ C کے لیے، امتحانی کتاب کے سیریل نمبر کے خانے کے لیے، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اپنی امتحانی کتاب کے سرورق پر دیکھیں۔ امتحانی کتاب کے دائیں جانب بالائی کونے میں امتحانی کتاب کا سیریل نمبر کے عنوان سے نمبر تلاش کریں اور اسے اپنے جوابی پرچے پر خانہ C میں درج کریں۔ متعلقہ دائروں کو پُر کریں۔

*آپ کے پراکٹر کی جانب سے تمام طلباء کو کہا جائے گا:*

- جائزہ لے کر یقینی بنائیں کہ فارم کوڈ، امتحانی آئی ڈی اور امتحانی کتاب کے سیریل نمبر کے خانوں کو درست طور پر مکمل کیا گیا ہے۔ یہ بات انتہائی اہم ہے کہ آپ اپنے جوابی پرچے پر درست کوڈز درج کریں۔ بصورتِ دیگر، آپ کو اسکورز نہیں دیے جائیں گے۔

*اگر آپ کا اسکول، امتحانی کمرے کے کوڈز استعمال کر رہا ہے، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اپنے جوابی پرچے کے خانہ D پر، امتحانی کمرے کا 3 ہندسوں پر مشتمل کوڈ، ______، درج کریں جسے میں نے آپ کے لیے آویزاں کر دیا ہے۔

**یا**

*اگر آپ کا اسکول، امتحانی کمرے کے کوڈز استعمال نہیں کر رہا، تو آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- اپنے جوابی پرچے پر خانہ D کو خالی چھوڑ دیں۔

*خانہ E، امتحانی قسم کے لیے، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- خانہ E میں، اپنے آج کے امتحان پر دائرہ لگائیں، جسے میں نے بورڈ پر آویزاں کیا تھا۔ اگر آپ کو صحیح طرح معلوم نہیں کہ کون سے امتحان پر دائرہ لگانا ہے تو اپنا ہاتھ کھڑا کریں۔

*آپ کے پراکٹر کی جانب سے تمام طلباء کو کہا جائے گا:*

- آپ کے امتحان دینے کے لیے یہاں یاد دہانی کے لیے چند اہم چیزیں ہیں: اگر آپ مقررہ وقت سے پہلے اپنا کام مکمل کر لیں تو اس سیکشن پر کیے گئے اپنے کام پر نظرِثانی کر سکتے ہیں، تاہم کسی اور سیکشن پر نہیں جا سکتے ہیں۔ آپ رف کام لکھنے کے لیے امتحانی کتاب کو استعمال کر سکتے ہیں، لیکن جوابات کے نشان اپنے جوابی پرچے پر ہی لگانا ہوں گے، سوائے اس کے کہ آپ کو امتحانی کتاب میں یہ نشانات لگانے کی اجازت حاصل ہو۔ مقررہ وقت ختم ہونے کے بعد، آپ کو اپنی امتحانی کتاب سے جوابی پرچے میں جوابات منتقل کرنے یا خالی دائروں کو پُر کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

  امتحانی عمل کے دوران، اپنے جوابی پرچے اور امتحانی کتاب کو اپنی میز کے وسط میں افقی حالت میں رکھیں۔ اگر آپ کو اپنے جوابی پرچے یا امتحانی کتاب میں کوئی چیز غیردرست نظر آئے جیسے کہ کوئی صفحہ غائب ہو، یا آپ کو محسوس ہوکہ آپ غلط سیکشن میں اپنے جوابات درج کر رہے ہیں، تو اُسی وقت اپنا ہاتھ بلند کریں۔

  آخری بات یہ کہ، جوابی پرچوں اور امتحانی کتاب کو کمرہ امتحان سے باہر لے جانے کی ہرگز اجازت نہیں ہے۔

  میں امتحان کے دوران آپ کی کارکردگی کے معائنے کے لیے کمرے میں گشت کرتا رہوں گا/گی۔ میری جانب سے آپ کو امتحان کے لیے ایک باضابطہ وقت بھی دیا جائے گا۔ امتحان کے دوران آپ کو وقفے بھی مہیا کیے جائیں گے جن میں آپ اس کمرے سے باہر جا کر اسنیک لے سکتے ہیں یا ٹوائلٹ استعمال کر سکتے ہیں۔

  یاد رکھیں، امتحان ختم ہونے کے بعد، آپ میں سے کوئی بھی اُس وقت کمرے سے باہر نہیں جائے گا جب تک کہ میں اجازت نہ دوں۔ اگر امتحان کے طریقِ کار کے حوالے سے آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہو، تو براہِ کرم ابھی پوچھ لیں۔ مقررہ وقت کے حامل سیکشنز کے دوران آپ کے سوالات کے جواب نہیں دیے جا سکیں گے۔

## 2.4 سرورق کی ہدایات

ذیل میں آپ کی امتحانی کتابچے کے سرورق کا ترجمہ دیا گیا ہے۔

**اہم یاد دہانیاں**

1

اس امتحان کے لیے نمبر 2 پنسل درکار ہے۔ میکانیکی پنسل یا قلم کا استعمال نہ کریں۔

2

کسی بھی دوسرے فرد سے اپنے سوالات کا تبادلہ؛ امتحانی تحفظ اور منصفانہ پالیسیوں کی خلاف ورزی ہے، اور اس کا نتیجہ آپ کے اسکورز کی منسوخی کی صورت میں نکل سکتا ہے۔

*امتحانی کتابچے کو کسی صورت میں کمرے سے باہر نہیں لے جایا جا سکتا ہے۔ اس امتحانی کتابچے کے کسی بھی جزو کی بلا اجازت دوبارہ تخلیق یا استعمال ممنوع ہے۔*

© 2018 College Board. College Board، SAT اور شاہِ بلوط کے پھل کا لوگو، کالج بورڈ کے رجسٹرڈ شدہ ٹریڈ مارکس ہیں۔

## 2.5 عقبی ورق کی ہدایات

*ذیل میں آپ کی امتحانی کتاب کے عقبی ورق کا ترجمہ دیا گیا ہے۔ ہدایت دیے جانے پر، آپ کو تراجم کی اس دستاویز کے بجائے امتحانی کتاب یا جوابی پرچے پر لکھنا چاہیے۔*

**آپ کا نام (طبع کردہ)**

آخری　　　پہلا　　　وسطی

**اسکول**

نمبر　　　اسکول کا نام　　　کمرہ

# SAT

### عمومی ہدایات

- آپ ایک وقت میں صرف ایک ہی سیکشن پر کام کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ مقررہ وقت سے پہلے سیکشن مکمل کر لیں، تو اس سیکشن میں کیے گئے اپنے کام پر نظرِثانی کر سکتے ہیں۔ آپ کسی اور سیکشن پر نہیں جا سکتے ہیں۔

### جواب کی نشان زدگی

- اپنے جوابی پرچے پر درست نشانات لگانے کو یقینی بنائیں۔

نامکمل نشان زدگیاں:　　　مکمل نشان زدگی:



- آپ کو لازماً نمبر 2 پنسل استعمال کرنا ہو گی۔
- دھیان کے ساتھ ہر سوال کے لیے صرف ایک ہی جواب پر نشان لگائیں۔
- یقینی بنائیں کہ آپ ہر دائرے کو گہرا اور مکمل پُر کریں۔
- اپنے جوابی پرچے پر بے مقصد نشانات نہ لگائیں۔
- اگر آپ کو کچھ مٹانا ہو، تو پوری طرح مٹائیں۔ نامکمل طور پر مٹائے گئے جوابات کی اسکورنگ، لکھے گئے جوابات کے طور پر کی جائے گی۔
- صرف اُنہی جوابی وقفوں کو استعمال کریں جو سوال نمبروں سے مماثل ہوں۔

### آپ کی امتحانی کتاب کا استعمال

- آپ رف کام لکھنے کے لیے امتحانی کتاب کا استعمال کر سکتے ہیں، تاہم اپنی امتحانی کتاب میں کچھ بھی لکھنے کی بنیاد پر آپ کو کوئی پذیرائی نہیں ملے گی۔
- مقررہ وقت ختم ہونے کے بعد، آپ کو اپنی امتحانی کتاب سے اپنے جوابی پرچے میں جوابات منتقل کرنے یا دائروں کو پُر کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔
- آپ کو اس کتاب کے صفحات یا کسی صفحے کے حصوں کو تہ کرنے یا پھاڑنے، یا کتاب یا جوابی پرچے کو امتحانی کمرے سے باہر لے جانے کی اجازت نہیں ہو گی۔

### اسکور دیے جانے کا عمل

- ہر درست جواب پر، آپ کو ایک پوائنٹ دیا جائے گا۔
- غلط جواب پر آپ کے پوائنٹس نہیں کٹیں گے؛ لہذا اگر آپ کو جواب کی درستگی کے بارے میں یقین نہ ہو، تب بھی ہر سوال کا جواب درج کرنے کی کوشش کریں۔

**اہم**

**درج ذیل کوڈز، آپ کی امتحانی کتاب میں، دیگر طلباء کی امتحانی کتب سے مختلف ہوں گے۔ انہیں اپنے جوابی پرچے میں خانہ A اور B میں نقل کر لیں اور متعلقہ دائروں کو بالکل اسی طرح پُر کریں جیسا کہ ذیل میں دکھایا گیا ہے۔**




اس امتحان کے مختلف اقتباسات میں شامل بعض خیالات و نظریات طبع شدہ مواد سے منتخب یا اخذ کیے گئے ہیں، اور ضروری نہیں کہ یہ کالج بورڈ کے خیالات کی ترجمانی کرتے ہوں۔

**اس کتاب کو اُس وقت تک نہ کھولیں جب تک کہ پراکٹر آپ کو نہ کہے۔**

## 2.6 سیکشن 1 – مطالعے کا امتحان

*سیکشن 1 کے لیے معیاری وقت **65 منٹ** ہے، اور سیکشن کے اختتام پر **10 منٹ** کا وقفہ دیا جائے گا۔ اگر آپ منظورشدہ سہولت کے تحت امتحان دے رہے ہیں، تو آپ کے مقررہ وقت اور وقفوں کا دورانیہ مختلف ہو سکتا ہے۔ براہِ کرم اپنے پراکٹر کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔*

***زبانی طور پر دی گئی مترجَم ہدایات کے بعد، امتحانی کتاب میں موجود ہدایات کا ترجمہ سامنے آئے گا۔***

*جب تمام تیار ہو جائیں، تو آپ کا پراکٹر کہے گا:*

امتحان شروع ہوتے ہی، آپ کے پاس سیکشن 1 ، مطالعاتی امتحان پر کام کرنے کے لیے 65 منٹس ہوں گے۔ اس سیکشن کے اختتام پر ہم ایک مختصر سا وقفہ لیں گے۔ اپنی امتحانی کتاب کو اُس وقت تک نہ کھولیں جب تک میں آپ سے نہ کہوں۔ براہِ کرم اپنے کیلکیولیٹر کو اپنی میز کے نیچے رکھ دیں؛ اس سیکشن کے لیے آپ کو اس کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

یقینی بنائیں کہ آپ نمبر 2 پنسل ہی استعمال کر رہے ہیں اور آپ اپنے جواب کے دائرے کو گہرا اور مکمل پُر کر رہے ہیں۔ اگر آپ اپنے جواب کو تبدیل کرنا چاہیں تو اسے جتنا ممکن ہو سکے اچھی طرح مٹائیں۔

یاد رکھیں کہ درست جوابات پر آپ کو پوائنٹس ملیں گے لیکن غلط جوابات پر آپ کے پوائنٹس نہیں کٹیں گے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر آپ کو جواب کی درستگی کے بارے میں یقین نہ ہو، تب بھی ہر سوال کا جواب درج کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

اپنے جوابی پرچے پر سیکشن 1 میں آجائیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ نمبر کی حامل انہی جگہوں میں اپنے جوابات کے نشان لگائیں جو سیکشن 1 میں نمبروار امتحانی سوالات کے مماثل ہوں۔ براہِ کرم، اب اپنی امتحانی کتاب کے سیکشن 1 پر آجائیں، ہدایات پڑھیں اور کام کا آغاز کر دیں۔ آپ کا وقت شروع ہوتا ہے اب۔ خدا آپ کا حامی و ناصر ہو۔

*30 منٹس کے بعد، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

آپ کے پاس اس سیکشن کے لیے 35 منٹس باقی ہیں۔

*60 منٹس کے بعد، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

آپ کے پاس اس سیکشن کے لیے 5 منٹس باقی ہیں۔

*65 منٹس مکمل ہونے پر، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

کام روک دیں اور اپنی پنسل نیچے رکھ دیں۔ اپنے جوابی پرچے کو بند کریں اور اسے اپنی امتحانی کتاب کے سرورق کے اندر رکھیں۔ اپنی امتحانی کتاب بند کریں اور اسے اپنی میز پر رہنے دیں۔ ٹھیک، اب ہم 10 منٹ کا وقفہ لیں گے۔

آپ کو، اس وقفے یا کسی اور وقفے کے دوران، فون یا کسی اور برقی آلے کے استعمال کی اجازت نہیں ہو گی۔ اگر آپ اپنے ساتھ اسنیکس لائے ہیں، تو اسے صرف مقررہ جگہوں پر ہی کھا سکتے ہیں۔ مقررہ جگہوں، برآمدے یا ٹوائلٹ کے علاوہ کہیں نہ جائیں۔ برآمدے میں باتیں نہ کریں اور نہ ہی کسی سے امتحانی سوالات سے متعلق بات کریں۔ دیگر کمروں میں موجود افراد کا خیال رکھیں۔

ہم پورے 10 منٹس بعد، امتحانی عمل کا دوبارہ آغاز کریں گے۔

### 2.6.1 وقفے لے لیے

*وقفے کے اختتام پر، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

براہِ کرم اپنی نشست پر بیٹھ جائیں۔

### 2.6.2 سیکشن 1 امتحانی کتاب کی ہدایات

*ذیل میں اُن ہدایات کا ترجمہ دیا گیا ہے جو آپ کی امتحانی کتاب کے سیکشن 1 کے آغاز میں موجود ہیں۔*

**65 منٹس، 52 سوالات (معیاری وقت)**

اس سیکشن میں موجود سوالات کے جوابات دینے کے لیے اپنے جوابی پرچے کے سیکشن 1 پر آجائیں۔

**ہدایات**
ذیل میں موجود ہر اقتباس یا ہر دو اقتباسات کے بعد چند سوالات دیے گئے ہیں۔ ہر اقتباس یا اقتباسات کے جوڑے کو پڑھنے کے بعد، اس اقتباس یا اقتباسات میں لفظی یا اشاراتی طور پر بیان کردہ بات اور ساتھ موجود گرافکس (جیسے کہ جدول یا گراف) کی بنیاد پر، ہر سوال کے موزوں ترین جواب کا انتخاب کریں۔

## 2.7 تصدیقی اعلامیہ

*جب تمام تیار ہو جائیں، تو آپ کا پراکٹر کہے گا:*

آپ کی جانب سے جوابی پرچہ جمع کرانے کا مطلب، آپ کا اس بات پر رضامند ہونا ہے کہ آپ کسی بھی امتحانی سوال کو کسی بھی صورت میں امتحانی کمرے سے باہر نہیں لے جائیں گے، کسی کو فراہم نہیں کریں گے، یا کسی بھی ذریعۂ ابلاغ بشمول ای میل، تحریری پیغامات یا انٹرنیٹ وغیرہ کا استعمال کرتے ہوئے کسی سے اس بارے میں بات نہیں کریں گے۔ ان شرائط کی وضاحت *SAT School Day Student Guide (اسکول ڈے اسٹوڈنٹ گائیڈ)* میں اور sat.org پر آن لائن بھی دستیاب ہے۔

اپنے جوابی پرچے کو نکال لیں، لیکن اپنی امتحانی کتاب کو بند رہنے دیں۔ اپنے جوابی پرچے کی عقبی جانب آجائیں، اور تصدیقی اعلامیہ خانہ تلاش کریں۔ زیریں حصے میں درج قواعد و ضوابط کا پیراگراف پڑھنے کے بعد، اپنی عام لکھائی میں اعلامیے کو نقل کریں - طباعت یا رواں تحریر بھی چلے گی۔ اس کے بعد اپنے مکمل نام کے دستخط کریں جوکہ آپ کسی بھی باضابطہ دفتری دستاویز پر کرتے ہیں۔ اپنے دستخط کے ساتھ، آج کی تاریخ درج کریں۔ اپنا کام مکمل کرنے کے بعد اوپر دیکھیں۔

***ذیل میں تصدیقی اعلامیے کا ترجمہ دیا گیا ہے، یہ اعلامیہ آپ کے جوابی پرچے کے عقب پر موجود ہے۔ یہاں دیے گئے ترجمے کو چھوڑ کر، صرف انگریزی میں دیے گئے اعلامیے کو نقل کر لیں:***

میں اس بات کی تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ جوابی پرچے پر جس فرد کا نام درج ہے وہ میں ہی ہوں اور امتحانی ہدایات میں بیان کردہ امتحانی تحفظ اور منصفانہ پالیسیوں پر عمل درآمد کا اقرار کرتا/کرتی ہوں۔

## 2.8 سیکشن 2 – تحریری اور زبان دانی کا امتحان

*سیکشن 2 کے لیے معیاری وقت **35 منٹس** ہے۔ اگر آپ منظورشدہ سہولت کے تحت امتحان دے رہے ہیں، تو آپ کے مقررہ وقت اور وقفوں کا دورانیہ مختلف ہو سکتا ہے۔ براہِ کرم اپنے پراکٹر کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔*

***زبانی طور پر دی گئی مترجَم ہدایات کے بعد، امتحانی کتاب میں موجود ہدایات کا ترجمہ سامنے آئے گا۔***

*جب سب تیار ہوں گے تو آپ کا پراکٹر کہے گا:*

امتحان شروع ہوتے ہی، آپ کے پاس سیکشن 2 ، تحریری و لسانی امتحان پر کام کرنے کے لیے 35 منٹس ہوں گے۔ اگر آپ مقررہ وقت سے پہلے اپنا کام مکمل کر لیں تو اس سیکشن پر کیے گئے اپنے کام پر نظرِثانی کر سکتے ہیں، تاہم کسی اور سیکشن پر نہیں جا سکتے ہیں۔ براہِ کرم اپنے کیلکیولیٹر کو اپنی میز کے نیچے رکھ دیں؛ اس سیکشن کے لیے آپ کو اس کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

اپنے جوابی پرچے اور امتحانی کتاب کو اپنی میز پر افقی حالت میں رکھیں۔

اب اپنے جوابی پرچے پر سیکشن 2 تلاش کریں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ نمبر کی حامل انہی جگہوں میں اپنے جوابات کے نشان لگائیں جو سیکشن 2 میں نمبروار امتحانی سوالات کے مماثل ہوں۔ براہِ کرم، اب اپنی امتحانی کتاب کے سیکشن 2 پر آجائیں، ہدایات پڑھیں اور کام کا آغاز کر دیں۔ آپ کا وقت شروع ہوتا ہے اب۔

*15 منٹس کے بعد، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

آپ کے پاس اس سیکشن کے لیے 20 منٹس باقی ہیں۔

*30 منٹس کے بعد، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

آپ کے پاس اس سیکشن کے لیے 5 منٹس باقی ہیں۔

*35 منٹس مکمل ہونے پر، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

کام روک دیں اور اپنی پنسل نیچے رکھ دیں۔

اپنے جوابی پرچے کو اپنی امتحانی کتاب اُس صفحے پر رکھیں جہاں تک آپ نے کام مکمل کیا ہے۔ اپنی امتحانی کتاب کو بند کر دیں۔

### 2.8.1 سیکشن 2 امتحانی کتاب کی ہدایات

*ذیل میں اُن ہدایات کا ترجمہ دیا گیا ہے جو آپ کی امتحانی کتاب کے سیکشن 2 کے آغاز میں موجود ہیں۔*

---

**35 منٹس، 44 سوالات (معیاری وقت)**

**اس سیکشن میں موجود سوالات کے جوابات دینے کے لیے اپنے جوابی پرچے کے سیکشن 2 پر آجائیں۔**

**ہدایات**

ذیل میں موجو ہر اقتباس کے ساتھ چند سوالات دیے گئے ہیں۔ بعض سوالات کے تحت، آپ بات یا خیالات کے بہتر اظہار کے لیے اقتباس پر نظرِثانی کی ضرورت محسوس کریں گے۔ جبکہ بعض دیگر سوالات کے لیے آپ کو فقرے کی بناوٹ میں اغلاط، اس کے استعمال، یا رموز و اوقاف کی درستگی کے لیے اقتباس کی تصحیح کرنے کی ضرورت ہو گی۔ ایک اقتباس یا سوال کے ہمراہ ایک یا زائد گرافکس (جیسے کہ جدول یا گراف) موجود ہو سکتی ہیں جنہیں آپ نظرِثانی یا تصحیح کے فیصلوں کے وقت ملحوظ رکھیں گے۔

بعض سوالات، اقتباس کے ذیلی حصے کی جانب آپ کی رہنمائی کریں گے۔ دیگر سوالات، اقتباس کے کسی مخصوص حصے کی جانب آپ کی توجہ مبذول کروائیں گے یا پھر آپ کو مجموعی طور پر پورے اقتباس پر غورو خوض کرنے کی دعوت دیں گے۔

ہر اقتباس کو پڑھنے کے بعد، ہر سوال کا وہ جواب منتخب کریں جو اقتباس کی تحریر کے معیار کو مؤثر ترین انداز میں بہتر بناتا ہو یا جو اقتباس کو معیاری تحریری انگریزی کی روایات سے ہم آہنگ کرتا ہو۔ بہت سے سوالات میں "کوئی تبدیلی نہیں" کا جوابی آپشن بھی شامل ہے۔ اس آپشن کا انتخاب اُس وقت کریں جب آپ سمجھتے ہوں کہ اقتباس کا متعلقہ حصہ بالکل درست ہے اور اس میں کسی قسم کی تبدیلی کی ضرورت نہیں ہے۔

---

## 2.9 سیکشن 3 — ریاضی کا امتحان ۔ کیلکولیٹر کی اجازت نہیں

*سیکشن 3 کے لیے معیاری وقت **25 منٹ** ہے، اور سیکشن کے اختتام پر **5 منٹ کا وقفہ** دیا جائے گا۔ اگر آپ منظورشدہ سہولت کے تحت امتحان دے رہے ہیں، تو آپ کے مقررہ وقت اور وقفوں کا دورانیہ مختلف ہو سکتا ہے۔ براہِ کرم اپنے پراکٹر کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔*

***زبانی طور پر دی گئی مترجَم ہدایات کے بعد، امتحانی کتاب میں موجود ہدایات کا ترجمہ سامنے آئے گا۔***

*جب تمام تیار ہو جائیں، تو آپ کا پراکٹر کہے گا:*

امتحان شروع ہوتے ہی، آپ کے پاس سیکشن 3 ، ریاضی کے امتحان پر کیلکولیٹر کے بغیر کام کرنے کے لیے 25 منٹس ہوں گے۔ اس سیکشن کے اختتام پر ہم ایک مختصر سا وقفہ لیں گے۔

اگرچہ یہ ریاضی کا سیکشن ہے، لیکن آپ کو امتحان کے اس حصے میں کیلکولیٹر استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ اگر آپ کو خصوصی سہولت کے تحت چار-افعالی کیلکولیٹر کے استعمال کی منظوری حاصل نہیں ہے، تو اپنے کیلکولیٹر کو اپنی میز کے نیچے رکھ دیں۔ کیا آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہے؟

ایسے سوالات جن پر "Student-Produced Responses (طالب علم کی جانب سے بذات خود لکھے جانے والے جوابات)" کا عنوان درج ہو، اُن کے جوابات کو گرِڈ میں لکھنے کی ہدایات آپ کی امتحانی کتاب میں موجود ہیں۔ آپ کے جوابات مختصر ہو سکتے ہیں لیکن 4 حروف سے طویل نہیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ نمبر کی حامل انہی جگہوں میں اپنے جوابات کے نشان لگائیں جو سیکشن 3 میں نمبروار امتحانی سوالات کے مماثل ہوں۔

اگر آپ مقررہ وقت سے پہلے اپنا کام مکمل کر لیں تو اس سیکشن میں کیے گئے اپنے کام پر نظرِثانی کر سکتے ہیں، تاہم کسی اور سیکشن پر نہیں جا سکتے ہیں۔

براہِ کرم اپنی امتحانی کتاب کھول کر اپنا جوابی پرچہ نکال لیں۔ اپنے جوابی پرچے اور امتحانی کتاب کو اپنی میز پر افقی حالت میں رکھیں۔ اپنے جوابی پرچے پر سیکشن 3 میں آجائیں۔ اب اپنی امتحانی کتاب کے سیکشن 3 پر آجائیں، ہدایات پڑھیں اور کام کا آغاز کر دیں۔ آپ کا وقت شروع ہوتا ہے اب۔

*10 منٹس کے بعد، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- آپ کے پاس اس سیکشن کے لیے 15 منٹس باقی ہیں۔

*20 منٹس کے بعد، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- آپ کے پاس اس سیکشن کے لیے 5 منٹس باقی ہیں۔

*25 منٹس مکمل ہونے پر، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- کام روک دیں اور اپنی پنسل نیچے رکھ دیں۔

اپنے جوابی پرچے کو اپنی امتحانی کتاب اُس صفحے پر رکھیں جہاں تک آپ نے کام مکمل کیا ہے۔ اپنی امتحانی کتاب بند کریں، اور اسے اپنی میز پر رہنے دیں۔ اب ہم 5 منٹ کے لیے ایک وقفہ لیں گے۔ اگر آپ اپنے ساتھ اسنیکس لائے ہیں، تو اسے صرف مقررہ جگہوں پر ہی کھا سکتے ہیں۔ اس مرتبہ بھی، مقررہ جگہوں، برآمدے یا ٹوائلٹ کے علاوہ کہیں نہ جائیں۔ برآمدے میں باتیں نہ کریں اور نہ ہی کسی سے امتحانی سوالات سے متعلق بات کریں۔ دیگر کمروں میں موجود افراد کا خیال رکھیں۔ ہم پورے 5 منٹس کے بعد امتحان کا دوبارہ آغاز کریں گے۔

### 2.9.1 وقفے کے دوران

*وقفے کے اختتام پر، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

- براہِ کرم اپنی نشست پر بیٹھ جائیں۔

## 2.9.2 سیکشن 3 امتحانی کتاب کی ہدایات

*ذیل میں اُن ہدایات کا ترجمہ دیا گیا ہے جو آپ کی امتحانی کتاب کے سیکشن 3 کے آغاز میں موجود ہیں۔*

---

**25 منٹس، 20 سوالات (معیاری وقت)**

**اس سیکشن میں موجود سوالات کے جوابات دینے کے لیے اپنے جوابی پرچے کے سیکشن 3 پر آجائیں۔**

**ہدایات**

**سوال 1 سے 15 کے لیے**، ہر مسئلہ کو حل کریں، انتخاب کے لیے دیے گئے جوابات میں سے موزوں ترین جواب منتخب کریں، اور اپنے جوابی پرچے پر موجود مماثل دائرے کو پُر کریں۔ **سوال 16 سے 20 کے لیے**، مسئلہ حل کریں اور جوابی پرچے پر موجود گرڈ میں اپنا جواب درج کریں۔ گرڈ میں اپنے جوابات کے اندراج کا طریقہ جاننے کے لیے، سوال 16 سے پہلے دی گئی ہدایات ملاحظہ کریں۔ آپ رف کام لکھنے کے لیے، اپنے امتحانی کتابچے میں دستیاب کوئی بھی جگہ استعمال کر سکتے ہیں۔

**نوٹس**

1. کیلکیولیٹر کے استعمال **کی اجازت نہیں ہے۔**
2. استعمال کردہ تمام متغیر عددی علامات اور الجبرائی ترکیبات کو حقیقی اعداد سمجھا جائے گا، جب تک کہ اس کے برخلاف ان کی قیمتیں متعین نہ کی جائیں۔
3. اس امتحان میں فراہم کردہ اشکال کو پیمائش کے لیے وضع کیا گیا ہے، سوائے اس کے کہ ان کا کوئی اور استعمال متعین کیا گیا ہو۔
4. تمام اشکال مستوی سطح پر بنی ہوں گی، ماسوائے بصورت دیگر نشاندہی کی جائے۔
5. الا یہ کہ کچھ اور اشارہ دیا گیا ہو، دیئے گئے فنکشن *f* کا ڈومین تمام حقیقی اعداد *x* کا سیٹ ہے جس کے لیے *f(x)* حقیقی نمبر ہے۔

**حوالہ**




$A = \pi r^2$ $C = 2\pi r$ | $A = \ell w$ | $A = \frac{1}{2}bh$ | $c^2 = a^2 + b^2$ | خصوصی زاویہ قائمہ والی مثلثیں




$V = \frac{1}{3}\ell wh$ | $V = \frac{1}{3}\pi r^2 h$ | $V = \frac{4}{3}\pi r^3$ | $V = \pi r^2 h$ | $V = \ell wh$

کسی دائرے میں قوس کے درجوں کی تعداد 360 ہے۔
کسی دائرے میں قوس کے ریڈینز کی تعداد $2\pi$ ہے۔
کسی مثلث کے زاویوں کے درجوں کی مجموعی پیمائش 180 ہے۔

## ہدایات

**سوال 16 سے 20**، کے لیے، مسئلہ حل کریں اور جوابی پرچے پر موجود گرڈ میں اپنا جواب درج کریں، جیسا کہ ذیل میں بتایا گیا ہے

1. اگرچہ یہ لازم نہیں ہے تاہم آپ کو تجویز دی جاتی ہے کہ آپ اپنے جوابات کالمز کے سب سے اوپر والے خانوں میں درج کریں تاکہ دائروں کو بالکل درست انداز میں پُر کیا جا سکے۔ آپ کو پذیرائی اُسی صورت میں ملے گی جب دائروں کو درست انداز میں پُر کیا گیا ہو گا۔
2. کسی بھی کالم میں ایک سے زائد دائروں کو پُر نہ کریں۔
3. کسی بھی سوال کا جواب منفی نہیں آئے گا۔
4. بعض مسائل کے ایک سے زیادہ درست جوابات ہو سکتے ہیں۔ ایسی صورتحال میں، صرف ایک ہی جواب کو گرڈ میں درج کریں۔
5. **مخلوط اعداد** جیسے کہ $3\frac{1}{2}$ کو لازماً 3.5 یا 7/2 کے




طور پر گرڈ میں لکھا جانا چاہیے۔ (اگر کو گرڈ میں لکھا گیا تو اسے $\frac{31}{2}$، نہیں پڑھا جائے گا بطور کے طور $3\frac{1}{2}$۔)
6. **اعشاری جوابات**: اگر کسی سوال کا ایسا اعشاری جواب نکل آئے جس کے تمام اعشاری ہندسوں کو گرڈ میں لکھنا ممکن نہ ہو تو اسے یا تو راؤنڈ آف کر دیا جائے یا پھر آخر کے کچھ اعشاری ہندسوں کو ختم کر دیا جائے، مگر یہ جواب پوری گرڈ پر محیط ہونا چاہیے۔

**جواب: $\frac{7}{12}$** **جواب: 2.5**




**گرڈ $\frac{2}{3}$ میں لکھنے کے قابلِ قبول طریقے یہ ہیں:**




**جواب: 201 – ہر پوزیشن درست ہے**




**نوٹ:**
آپ اپنے جواب کا آغاز کسی بھی کالم میں کر سکتے ہیں، جہاں جگہ کی گنجائش ہو۔ آپ کو جن کالمز کے استعمال کی ضرورت نہ ہو، انہیں خالی چھوڑ دیں۔

# 3 معیاری SAT مسودہ: ریاضی کا امتحان - کیلکیولیٹر اور SAT مضمون

## 3.1 سیکشن 4 – ریاضی کا امتحان – کیلکولیٹر

*سیکشن 4 کے لیے معیاری وقت **55 منٹس ہے**۔ اگر آپ منظورشدہ سہولت کے تحت امتحان دے رہے ہیں، تو آپ کے مقررہ وقت اور وقفوں کا دورانیہ مختلف ہو سکتا ہے۔ براہِ کرم اپنے پراکٹر کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔*

***زبانی طور پر دی گئی مترجَم ہدایات کے بعد، امتحانی کتاب میں موجود ہدایات کا ترجمہ سامنے آئے گا۔***

*جب تمام تیار ہو جائیں، تو آپ کا پراکٹر کہے گا:*

امتحان شروع ہوتے ہی، آپ کے پاس سیکشن 4، ریاضی کے امتحان پر کیلکیولیٹر کے ہمراہ کام کرنے کے لیے 55 منٹس ہوں گے۔

آپ اس سیکشن کے لیے کیلکیولیٹر استعمال کر سکتے ہیں۔ براہِ کرم اب اپنا کیلکیولیٹر نکال لیں اور اسے اپنی میز کے وسط میں رکھیں۔

کیلکیولیٹر استعمال کرتے ہوئے، اِن ہدایات پر عمل کریں:

- اسے میز کی سطح پر افقی حالت میں رکھیں یا اس طرح تھامیں کہ کوئی اور طالب علم آپ کا کام نہ دیکھ پائے۔
- کسی دوسرے کو اپنا کیلکیولیٹر نہ دیں اور نہ ہی اس کا تبادلہ کریں۔
- اگر آپ اپنے ساتھ اضافی کیلکیولیٹر یا بیٹریاں لائے ہیں، تو انہیں اپنی میز کے نیچے فرش پر رکھیں۔
- اگر آپ کا کیلکیولیٹر درست انداز میں کام نہ کر رہا ہو اور آپ کے پاس بیٹریاں یا اضافی کیلکیولیٹر موجود ہو، تو اپنا ہاتھ بلند کریں۔ میں اس بات کا جائزہ لوں گا/لوں گی کہ متبادل کیلکیولیٹر قابلِ قبول ہے یا نہیں۔ اگر آپ کے پاس اضافی کیلکیولیٹر نہ ہو، تو امتحان دینا جاری رکھیں۔ ریاضی کے اِن تمام سوالات کا جواب بغیر کیلکیولیٹر کے دیا جاسکتا ہے۔

ایسے سوالات جن پر "Student-Produced Responses (طالب علم کی جانب سے بذات خود لکھے جانے والے جوابات)" کا عنوان درج ہو، اُن کے جوابات کو گرڈ میں لکھنے کی ہدایات آپ کی امتحانی کتاب میں موجود ہیں۔ آپ کے جوابات مختصر ہو سکتے ہیں لیکن 4 حروف سے طویل نہیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ نمبر کی حامل انہی جگہوں میں اپنے جوابات کے نشان لگائیں جو سیکشن 4 میں نمبروار امتحانی سوالات کے مماثل ہوں۔

اگر آپ مقررہ وقت سے پہلے اپنا کام مکمل کر لیں تو اس سیکشن پر کیے گئے اپنے کام پر نظرِثانی کر سکتے ہیں، تاہم کسی اور سیکشن پر نہیں جا سکتے ہیں۔

براہِ کرم اپنی امتحانی کتاب کھول کر اپنا جوابی پرچہ نکال لیں۔ اپنے جوابی پرچے اور امتحانی کتاب کو اپنی میز پر افقی حالت میں رکھیں۔ اپنے جوابی پرچے پر سیکشن 4 میں آجائیں۔ اب اپنی امتحانی کتاب کے سیکشن 4 پر آجائیں، ہدایات پڑھیں اور کام کا آغاز کر دیں۔ آپ کا وقت شروع ہوتا ہے اب۔

*25 منٹس کے بعد، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

آپ کے پاس اس سیکشن کے لیے 30 منٹس باقی ہیں۔

*50 منٹس کے بعد، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

آپ کے پاس اس سیکشن کے لیے 5 منٹس باقی ہیں۔

*55 منٹس مکمل ہونے پر، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

کام روک دیں اور اپنی پنسل نیچے رکھ دیں۔ اپنی امتحانی کتاب اور جوابی پرچے کو بند کر دیں۔ اپنے جوابی پرچے کو اپنی امتحانی کتاب کے برابر میں رکھیں۔

*اب آپ کا پراکٹر کہے گا:*

اس سے قبل کہ میں آپ کے امتحانی مواد کو جمع کروں، براہ مہربانی اپنے جوابی پرچے پلٹ دیں (یا ایک بڑا بلاک جوابی پرچہ استعمال کرتے ہوئے صفحہ 16 پر جائیں) اور پڑتال کریں کہ آپ نے فارم کوڈ کو خانہ A میں پُر کیا ہے۔ یہ فارم کوڈ آپ کے امتحان کی اسکورنگ کے لیے ضروری ہے۔

یہ بھی پڑتال کریں کہ آپ نے خانے B–E مکمل کیے ہیں۔ اگر آپ کو کوئی بھی خانے پُر کرنے میں مدد کی ضرورت ہو، تو براہِ کرم اپنا ہاتھ بلند کریں۔

### 3.1.1 وقفے کے دوران

***اگر آپ بغیر مضمون کے SAT کا امتحان دے رہے ہیں، تو آپ کا پراکٹر چھوڑ دے گا جب امتحان ختم ہو گا۔***

*امتحانی کتابیں جمع اور گننے کے بعد، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

اپنے کیلکیولیٹر کو اپنی میز کے نیچے رکھ دیں۔ اب ہم ذہنی و جسمانی طور پر پُرسکون ہونے کے لیے 2 منٹس کا وقفہ لیں گے۔ آپ کو کمرے سے باہر جانے یا امتحانی سوالات پر کسی سے بات کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

*وقفے کے اختتام پر، آپ کا پراکٹر کہے گا:*

براہِ کرم اپنی نشست پر بیٹھ جائیں۔

## 3.1.2 سیکشن 4 امتحانی کتابچہ کی ہدایات

*ذیل میں اُن ہدایات کا ترجمہ دیا گیا ہے جو آپ کی امتحانی کتابچہ کے سیکشن 4 کے آغاز میں موجود ہیں۔*

---

**55 منٹس، 38 سوالات (معیاری وقت)**

**اس سیکشن میں موجود سوالات کے جوابات دینے کے لیے اپنے جوابی پرچے کے سیکشن 4 پر آجائیں۔**

**ہدایات**

